## ایم کیوایم پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز سے الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز کی بہو محترمہ نورین عارف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## آل پاکستان مسلم گھانچی فیڈریشن کی جانب سے عام انتخابات میں ڈاکٹر فاروق ستار کی حمایت کا اعلان

## 18،فروری کے انتخابات میں تعمیر کا مقابلہ تخریب سے ہے،ہم تعمیر اورترقی چاہتے ہیں،ڈاکٹر فاروق ستار

## عوامی رابطہ مہم اورآل پاکستان مسلم گھانچی فیڈریشن کے اعلیٰ سطحی وفد سے گفتگو

کراچی۔۔۔11،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزاوراین اے 249 سے حق پرست امیدوار ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ 18 فروری کے انتخابات میں تعمیر کا مقابلہ تخریب سے ہے ہم تعمیر اور ترقی چاہتے ہیں،عوام ہمارے ساتھ ہیں اور وہ تخریبی عناصر کے تابوت میں آخری کیل اپنے ووٹوں سے ٹھونکیں گے۔انہوں نے یہ بات گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب میں عوامی رابطہ مہم اور تیرہ برادریوں کے اتحاد آل پاکستان مسلم گھانچی فیڈریشن کے اعلیٰ سطحی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ملاقات میں فیڈریشن کے صدر حاجی محمد فاروق گھانچی کے علاوہ حنیف سیوک،اقبال عمراللہ،یوسف جیوا،غلام رسول،حسین اسماعیل پٹیل،احمد حسن،داؤد محمد،ابراہیم علی بھائی اور داؤد گھانچی سمیت فیڈریشن کے دیگر عہدیدار موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ حق پرست قیادت نے صوبے اور کراچی میں ملنے والے عوامی مینڈٹ کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے وہ کارنامے سرانجام دیئے ہیں جس سے پورے ملک کی نظریں اپنے مسائل کے حل کیلئے حق پرستوں پر ٹک گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے سیاست میں خدمت کا جو درس دیا ہے حق پرست نمائندوں نے اسے اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا ہے یہاں پچھلے 60 برسوں میں جو کام نہیں ہوئے وہ اب ہورہے ہیں۔اس موقع پر آل پاکستان مسلم گھانچی فیڈریشن کے صدر حاجی محمد فاروق گھانچی نے ڈاکٹر فاروق ستار کو اپنے مکمل تعاون اور حمایت کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے حق پرست نمائندے انتخابات میں کامیابی کے بعد تعمیر وترقی کے سفر کی رفتار اور تیز کریں گے۔اس موقع پر صوبائی اسمبلی حلقہ پی ایس 110 سے حق پرست امیدوار شعیب ابراہیم بھی موجود تھے۔

## کاکڑ اوراعوان برادری کی جانب سے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کا اعلان

## ڈاکٹر فاروق ستار سے سینیٹر سرور محمد کاکڑ کی ٹیلی فون پر گفتگو

کراچی۔۔۔11،جنوری2008ء

سینیٹر سرور محمد کاکڑ نے 18،فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں کراچی میں آباد کاکڑ اوراعوان برادری کی بھرپور حمایت کی یقین دہانی کرائی ہے۔یہ یقین دہانی انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کرائی۔سینیٹر سرور محمد کاکڑ نے کراچی میں آباد کاکڑ اوراعوان برادری کے نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواران کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں اورانہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## ایم کیوایم تعصب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی، شیخ محمد افضل

## حق پرست امیدوار پی ایس 123 کا کورنگی نمبر 6 کے B-51 اور C ایریا میں انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 123 سے متحدہ قومی موومنٹ کے امیدوار شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ ایم کیوایم تعصب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی اور یہی وجہ ہے کہ آج ایم کیوایم میں تمام قومیتوں ، برادریوں اور حتیٰ کہ مذہبی اقلیتوں کے لوگ بھی بڑی تعداد میں شامل ہیں اور اپنے جائز حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کورنگی نمبر 6 کے علاقوں B-51 اور C ایریا میں کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرانہوں نے شرکاء میں سندھی کے عوام کے نام قائدتحریک جناب الطاف حسین کے کھلے خط کی کاپیاں بھی تقسیم کیں ۔شیخ محمد افضل نے کہا کہ بعض قوتیں سندھ میں لسانی فسادات کروانے کی سازشیں کررہی ہیں لیکن اس مرتبہ بھی لسانی فسادات کی سازش کو قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنی دوراندیشی اور تدبر سے ناکام بنادیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کورنگی انڈسٹریل ایریا کی فیکٹریوں اور عام لوگوں کی املاک کولوٹ مار کے بعد تباہ کرنے والے عناصر سماج دشمن ہیں اور انکے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جانی چاہیے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب کرائیں اور مفاد پرست عناصر کو مسترد کردیں۔

## تمام صوبوں کو صوبائی خودمختاری دینے سے ہی ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔سید رضا حیدر

## اورنگی کے علاقے توحید کالونی، باباولایت شاہ اور ہریانہ کالونی میں کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے امیدوار برائے پی ایس 94 سید رضا حیدر نے کہا ہے کہ سندھ بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوچکے ہیں اور اب تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خود مختاری دینے سے ہی ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جاسکتا ہے۔وہ گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن کے علاقے توحید کالونی، باباولایت علی شاہ کالونی اور ہریانہ کالونی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کررہے تھے جس میں علاقے کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر حق پرست امیدوار سید رضا حیدر نے کارنر میٹنگوں کے شرکاء میں سانحہ 27 دسمبر کے بعد پیش آنے والے افسوسناک واقعات کے حوالے تحریر کردہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خط کی کاپیاں بھی تقسیم کیں۔کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے سید رضا حیدر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عام عوام کی زندگیوں میں بہتری لانے کیلئے عملی طور پر مصروف ہے اور ایم کیوایم کے حق پرست منتخب نمائندوں کی شب وروز کاوشوں کے باعث ہی آج کراچی کو دنیا کے ترقی یافتہ شہروں میں شمار کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سانحہ 27 دسمبر لیاقت باغ راولپنڈی کے بعد لوٹ مار اور جلاؤ گھیراؤ کی جو کارروائیاں کی گئیں ہیں ان کا طریقہ واردات بتاتا ہے کہ یہ منظم منصوبہ بندی کے تحت کی گئیں ہیں اور اس میں صرف مخصوص طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو نشانہ بنایا گیا ہے اور عوام میں اشتعال انگیزی پھیلانے کی کوشش کی گئیں تھی لیکن عوام اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر صبر وتحمل کا ایک مرتبہ پھر مظاہرہ کیا اور اپنے اتحاد سے اس گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیا۔بعدازاں حق پرست امیدوار برائے این اے 241 اقبال قادری اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 94 سید رضا حیدر نے اپنے حلقہ انتخاب اورنگی میں واقع مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا اور امام بارگاہوں کی انتظامیہ کے اراکین اور عوام سے ملاقاتیں کیں اور ان سے محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری برقرار رکھنے کی اپیل کی۔

## عوامی انقلاب کا دوسرا نام متحدہ قومی موومنٹ ہے۔صلاح الدین

### نیوکراچی F-11، انارکلی کمپلیکس، بفرزون 15.B اور مسکن آباد میں رابطہ مہم کے دوران عوام سے بات چیت

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 244 سے متحدہ قومی موومنٹ کے امیدوار شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط طبقے سے رکھتی ہے اور عوامی انقلاب کا دوسرا نام متحدہ قومی موومنٹ ہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نیوکراچی F-11، یوپی سوسائٹی، نارتھ کراچی، انارکلی کمپلیکس، بفرزون 15.B اور مسکن آباد میں گھر گھر عوامی رابطہ مہم کے دوران جمع ہونے والے عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔شیخ صلاح الدین نے کہا کہ محرم الحرام کا مہینہ شروع ہوگیا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مثالی کردار ادا کیا ہے اور محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے حق پرست نمائندے عوام کے درمیان رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ شہر کراچی میں سانحہ 27 دسمبر راولپنڈی کے بعد جو کچھ ہوا اسے سب نے دیکھا ہے اسی لئے جناب الطاف حسین نے اپنے خط میں یہ کہا ہے کہ صرف کراچی اور سندھ میں ہی یہ افسوسناک واقعات کیوں ہوئے؟ انہوں نے کہا کہ شہر کراچی میں جاری ترقیاتی کاموں کے تسلسل کو حق پرست قیادت ہی جاری رکھ سکتی ہے جبکہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ پچھلے 60 برسوں میں نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے ہمیشہ عوام کو جھوٹے نعرے دیے ہیں۔شیخ صلاح الدین نے کہا کہ انشاءاللہ حق پرست قیادت آئندہ انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی اور ترقی و خوشحالی کے سفر کے تسلسل کو جاری رکھے گی۔

## تمام قومیتیں، برادریاں اور مذہبی اقلیتیں اپنے اتحاد کو قائم رکھیں اور کسی بھی گھناؤنی سازش کا حصہ ہرگز نہ بنیں۔علیم الرحمٰن

### پی ایس 124 کے حق پرست امیدوار کا کورنگی Y ایریا اور سیکٹر A میں کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوارر برائے پی ایس 124 علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ سندھ اور ملک بھر کے عوام کے درمیان اتحاد و یگانگت پیدا کرنا ہی سب سے بڑا کام ہے اور یہ کام قائد تحریک جناب الطاف حسین اپنی قائدانہ صلاحیتیں استعمال کرکے کرتے چلے ہیں جسکے عوام کو آپس میں دست و گریباں کرنے والے عناصر کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ کورنگی کے سیکٹر Y ایریا، بھٹائی کالونی کے سیکٹر A میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔علیم الرحمٰن نے کہا کہ سانحہ راولپنڈی لیاقت باغ کے بعد جس طرح سے شرپسند اور مسلح دہشتگردوں نے اپنی کارروائیاں کیں وہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے احتجاج کا ردعمل نہیں تھا بلکہ اس کی آڑ میں عوام کو لڑانے کی سازش کی گئی اور اس میں جو عناصر ملوث ہیں وہ ملک کے دوست نہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام قومیتیں، برادریاں اور مذہبی اقلیتیں اپنے درمیان اتحاد کو قائم رکھیں اور کسی بھی گھناؤنی سازش کا حصہ بننے کے بجائے صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں کیونکہ بعض قوتیں نہیں چاہتی کہ ملک میں امن وامان قائم رہے، عوام میں اتحاد ہو اور لوگوں کے بنیادی مسائل حل ہوں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ ہونے والے عام انتخابات میں مخلص اور دیانتدار قیادت کا انتخاب کریں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر ثبت کریں۔

## این اے 252 سے حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل اور پی ایس 117 سے امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد کی عوامی رابطہ مہم

### پیر کالونی کی بلوچ برادری سے ملاقات، عوام میں قائد تحریک کے کھلے خط کی کاپیاں تقسیم کیں

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 252 عبدالرشید گوڈیل اور نامزد امیدوار برائے پی ایس 117 ڈاکٹر صغیر احمد نے پی آئی بی کالونی، مارٹن کوارٹر، جہانگیر روڈ، گارڈن اور جمشید روڈ میں گھر گھر جاکر عوام سے رابطے کئے اور ان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کھلے خط کی کاپیاں تقسیم کیں۔حق پرست امیدواران نے عوامی رابطہ مہم کے دوران پیر کالونی کی بلوچ برادری سے بھی ملاقات کی اور ان سے 18، فروری کے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کیلئے اپنا قیمتی ووٹ استعمال کرنے کی اپیل کی۔بلوچ برادری کے افراد نے حق پرست امیدواران کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔عوامی رابطہ مہم کے موقع پر حق پرست امیدواران عبدالرشید گوڈیل اور ڈاکٹر صغیر احمد نے عوامی شکایات بھی سنیں اور ان کے حل کیلئے اپنے عملی اقدامات کا یقین دلایا۔

## عوام محرم الحرام میں اتحاد و یکجہتی اور یگانگت کی فضا کو قائم رکھیں، مولانا مشتاق حسین شاہدی، مولانا سعید قمر قاسمی

## شعیب بخاری کی محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے قیام کیلئے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے معروف علمائے کرام مولانا مشتاق حسین شاہدی اور مولانا سعید قمر قاسمی سے ملاقاتیں کیں اوران سے محرم الحرام کے دوران قیام امن اور مذہبی رواداری کے قیام کیلئے اپنا کردارادا کرنے کی اپیل کی۔اس موقع پر گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل، ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا فیروزالدین رحمانی، انوررضا اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔ملاقات میں علمائے کرام میں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جو محرم الحرام اور دیگر اسلامی مہینوں میں اپنا کردار عملی طور پر ادا کرتے ہیں اوران کی کاوشوں کے سبب ہی آج عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری قائم ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان اتحاد و یکجہتی اور یگانگت کی فضاء کو قائم رکھیں اور تمام اشتعال انگیزیوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔

## سانحہ راولپنڈی کے بعد کورنگی میں فیکٹری پر مسلح دہشت گردوں کے حملے اور شدید فائرنگ سے

## زخمی ہونے والوں میں ایم کیو ایم کے کارکن ذیشان بھی شامل ہیں

## حرام مغز میں گولی لگنے کے باعث ذیشان کا جسم مفلوج ہوگیا۔شعیب بخاری نے اسپتال جاکر عیادت کی

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

سانحہ راولپنڈی کے بعد کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والوں میں ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن ذیشان بھی شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق سانحہ روالپنڈی کے بعد مسلح شرپسند عناصر نے کورنگی میں واقع لیکسن ٹوبیکو کمپنی پر حملہ کیا تھا اور وہاں موجود سامان کی لوٹ مار کے بعد نہ صرف نذرآتش کردیا تھا بلکہ فیکٹری کے ملازمین پر اندھادھند فائرنگ بھی کی تھی جسکے نتیجے میں دیگر ملازمین کے ساتھ ساتھ ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن ذیشان بھی شدید زخمی ہوگئے۔ذیشان سر میں گولی لگی۔انہیں پہلے مقامی اسپتال لیجایا گیا بعدازاں عباسی شہید اسپتال پہنچایا گیا۔بتایا جاتا ہے کہ حرام مغز میں گولی لگنے کے باعث ذیشان کا جسم مفلوج ہوگیا ہے۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ اور دیگر تنظیمی عہدیداران نے گزشتہ روز عباسی شہید اسپتال جاکر ذیشان کی عیادت کی اوران کی صحتیابی کی دعا کی۔انہوں نے ذیشان کے والد اور دیگر اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے اسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ وہ ذیشان کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑیں اس موقع پر انہوں نے ذیشان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن رؤف کے والد عبدالغفور کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران و لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆